## سوال

(269) کیا سُبْحَانَ رَبِّکَ رَبِّ الْعِزَّةِ نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھنا ثابت ہے ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا { سُبْحَانَ رَبِّکَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا یَصِفُوْنَ وَسَلاَمٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ } [الصّٰٓفّٰت : ۱۸۰ تا ۱۸۱] نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھنا ثابت ہے ؟ (ماسٹر عبدالرؤف)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

حافظ ابن کثیر نے بحوالہ طبرانی نقل فرمایا ہے : ((عَنْ زَیْدِ بْنِ أَرْقَمَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم أَنَّہٗ قَالَ : مَنْ قَالَ دُبُرَ کُلِّ صَلاَۃٍ : { سُبْحَانَ رَبِّکَ رَبِّ الْعِزَّۃِ عَمَّا یَصِفُوْنَ ۔ وَسَلاَمٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ ۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ ۔ } [''پاک ہے تیرا رب عزت والا اور غلبہ والا اس سے جو وہ وصف بیان کرتے ہیں اور رسولوں پر سلامتی ہے اور تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو تمام جہانوں کا رب ہے ۔''] ثَلاَثَ مَرَّاتٍ فَقَدِ اکْتَالَ بِالْجَرِیْبِ الْأَوْفٰی مِنَ الْأَجْرِ))1 [''جو شخص ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ ان تینوں آیتوں کی تلاوت کرے اسے بھرپور اجر پورے پیمانے سے ناپ کر ملے گا ۔''] مگر اس کی سند کا حال مجھے فی الحال معلوم نہیں ۔

1 صحیح ترمذی للألبانی ابواب الصلاۃ باب ما یقول اذا سلم

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 04